© rasailojaraid.com



نہیں آنے دیں گے۔

**عزائم** ایڈیٹر ڈاکٹر محمد آصف قدوائی۔ ہفتہ وار۔ سائز الہلال کتابت وطباعت اعلیٰ صفحات سولہ۔ سالانہ قیمت -/۶۔ پتہ باغ گونگے نواب لکھنؤ۔

ہفتہ وار ندائے ملت" لکھنؤ کا مشہور اخبار ہے اور مسلمانوں میں بڑا مقبول بھی ہے پچھلے دنوں اس کے عملہ میں اختلافات پیدا ہوئے اور اختلافات بذات خود کتنے ہی برے ہوں لیکن ان کا ایک اچھا نتیجہ یہ ہوا کہ جن حضرات کے دم سے ندائے ملت کا وقار قائم ہوا تھا انہوں نے وہاں سے الگ ہوکر عزائم کے نام سے اپنا ایک الگ ہفتہ وار شائع کرنا شروع کردیا ہے یہ پرچہ کئی ماہ سے بڑی باضابطگی اور پابندی سے نکل رہا ہے اور اس کا طنطنہ اور طمطراق وہی ہے جو ان حضرات کی موجودگی میں ندائے ملت کا تھا۔ وہی لب ولہجہ، وہی سنجیدگی فکر کے ساتھ زور قلم مختلف قسم کے معلومات افزا مضامین اور تراجم۔ سیاسی تبصرے اور مسلمانوں کے معاملات ومسائل کی جرارت مندانہ مگر بصیرت اور ہوشمندی کے ساتھ ترجمانی۔ ارباب ذوق کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اس کی قدر کرنی چاہئے۔

**نقیب** ایڈیٹر جناب شاہد صاحب، ام نگری الہلال سائز ہفتہ وار ضخامت سولہ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ سالانہ قیمت -/۱۲۔ امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ۔

امارت شرعیہ بہار کا پرانا ترجمان ہے لیکن اب ایک ڈیڑھ برس سے نئی آب وتاب اور بڑے اہتمام وانتظام سے نکل رہا ہے مسلمانوں کے معاملات ومسائل پر خصوصاً اور ملک کے حالات پر عموماً اس کے اداریے اور شذرات بھی فکر انگیز ہوتے ہیں۔ فتاویٰ امارت شرعیہ کی خبریں اور دو ایک مذہبی یا سیاسی مضامین اس کی ہر اشاعت میں لازمی طور پر ہوتے ہیں۔ اس بنا پر ملک کی اسلامی صحافت میں اس کا بھی ایک نمایاں مقام ہے۔

**ہفت روزہ ندائے ملت** لکھنؤ کا تعلیمی نمبر مرتبہ محمد عثمان صاحب صدیقی ضخامت ۹۰ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت 2/50 پتہ 99 گوئن روڈ لکھنؤ۔

© rasailojaraid.com